© rasailojaraid.com





# حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

**نام کتاب: پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حسنِ سلوک　مصنف: پروفیسر ڈاکٹر محمد مشتاق کلوٹا**

**قیمت: درج نہیں۔　ناشر: ادارہ دعوت وتبلیغ قرآن محل مارکیٹ اردو بازار کراچی۔　مبصر: اخلاق احمد**

آج کے بچے کل کے بڑے ہوتے ہیں، اس لیے زندہ اور باشعور قومیں اپنے نونہالوں کی تربیت کا آغاز ان کے بچپن ہی سے کر دیتی ہیں۔ ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ خوش طبعی بچوں کے ساتھ کرتے تھے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اسلامی تعلیمات میں بچوں کے حوالے سے خاص طور پر تعلیم وتربیت اور انھیں حسن معاشرت سے آراستہ کرنے کے حوالے سے جو تعلیمات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا کیں ان کی مثال دنیا کے کسی مذہب میں نہیں ملتی۔

زیرِ تبصرہ کتاب اپنے موضوع پر ایک منفرد انداز میں بچوں کے دینی ادب میں ایک خوبصورت اضافہ ہے، اس کے تمام عنوانات بچوں کی تعلیم وتربیت کے حوالے سے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔ یہ کتاب اگرچہ خاص طور پر بچوں کے لیے تحریر کی گئی ہے لیکن ہر عمر کا فرد اس سے استفادہ کر سکتا ہے۔

☆......☆......☆

**نام کتاب: اذانِ بلال　　شاعر: مولانا خلیل احمد مخلص　　قیمت: ۲۰۰ روپے**

**ناشر: السعید اکیڈمی جامعہ دار العلوم سعیدیہ کوٹھا ضلع صوابی خیبر پختونخوا**

پیغمبرِ اسلام حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدحت، تعریف وتوصیف اور شمائل وفضائل کے نظمی اندازِ بیاں کو نعت، نعت خوانی یا نعت گوئی کہتے ہیں، اسلام کی ابتدائی تاریخ میں بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہ نے نعتیں کہیں اور یہ سلسلہ آج تک جاری وساری ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح پر مشتمل نعتیہ کلام سے بھرپور ہے۔ اللہ پاک شاعر کی اس کاوش کو قبول فرمائیں اور تمام مسلمانوں کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت کرنے اور ان کی مدح سرائی میں رطب اللسان رہنے کی توفیق عطا فرمائیں۔



© rasailojaraid.com